PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

کراچی ٹیسٹ میں تماشائیوں کے بارے میں پی سی بی کا بیان

کراچی 14 اگست 2024:

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کی تیاریوں کے تحت نیشنل بینک اسٹیڈیم کراچی میں جاری تعمیراتی کام کی روشنی میں، پاکستان کرکٹ بورڈ نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوسرے ٹیسٹ میچ کے انعقاد کے بارے میں مشکل فیصلہ کیا ہے کہ 30 اگست سے 3 ستمبر تک ہونے والا یہ ٹیسٹ میچ تماشائیوں کے بغیر کھیلا جائے گا۔

"ہم اس اہم کردار کو سمجھتے ہیں جو ہمارے پُرجوش تماشائی کرکٹ میں ادا کرتے ہیں جو ہمارے کھلاڑیوں کو تحریک اور ترغیب فراہم کرتے ہیں۔ تاہم ہمارے مداحوں کی صحت اور حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے۔ تمام دستیاب آپشنز پر بغور غور کرنے کے بعد، ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ سب سے محفوظ طریقہ یہ ہے کہ دوسرے ٹیسٹ کو خالی اسٹیڈیم میں منعقد کیا جائے۔

اس فیصلے کے نتیجے میں ٹکٹوں کی فروخت فوری طور پر معطل کر دی گئی ہے۔ وہ شائقین جنہوں نے پہلے ہی ٹکٹ خریدے ہیں انہیں خریداری کے وقت فراہم کردہ اکاؤنٹ کی تفصیلات میں جمع کی گئی رقم خود بخود مکمل واپس مل جائے گی۔

"اگرچہ ہمیں اس کی وجہ سے ہونے والی کسی بھی تکلیف پر افسوس ہے، ہم اپنے قابل قدر شائقین کو یقین دلانا چاہتے ہیں کہ اسٹیڈیم میں جاری اپ گریڈ اور تزئین و آرائش کو مزید تماشائیوں کے لیے سازگار بنانا اور اسے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے لیے تیار کرنا ہمارے عزم کا حصہ ہے جو 1996 کے بعد پاکستان میں منعقد ہونے والا پہلا آئی سی سی ایونٹ ہو گا"۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk